کتاب نما

Tafseer Surah tul Hujraat [تفسیر سورۃ الحجرات، بزبان انگریزی]، ابو امینہ بلال فلپس۔ ناشر: انٹرنیشنل اسلامک پبلشنگ ہاؤس، الریاض (سعودی عرب)۔ صفحات: ۲۳۵۔ قیمت: درج نہیں۔

مصنف نے قدیم مفسرین کا طریقہ اختیار کیا ہے کہ اولاً قرآن کی تفسیر قرآن ہی سے کی جائے۔ اس کے بعد رسول اکرمؐ کی صحیح احادیث اور آپؐ کے افعال اور ان متعلقہ واقعات سے آیات کی تشریح کی جائے جو آیات کے نزول کے وقت پیش آئے۔ ان بنیادی ذرائع سے استفادے کے بعد، ابوامینہ بلال فلپس نے صحابہ کرامؓ، خاص طور پر حضرت ابن عباسؓ کی، جن کو خود حضور نبی کریمؐ نے ''ترجمان القرآن'' کا لقب عطا فرمایا تھا، تشریحات اور تعبیرات سے استفادہ کیا ہے۔ انھوں نے بعض قدیم مفسرین کی لغت اور گرامر کی تشریحات سے ممکن حد تک فائدہ بھی اٹھایا ہے، نیز انھوں نے آیات کا مطلب بیان کرتے ہوئے موجودہ زمانے کے مسائل کے حوالے سے درست طور پر ان کا انطباق کیا ہے۔ انھوں نے کثرت سے صحیح احادیث کا حوالہ دیا ہے۔ کتاب کی ضخامت بڑھ جانے کے خوف سے احادیث کا عربی متن نہیں، صرف ان کا انگریزی ترجمہ دیا گیا ہے۔ کتاب کے آخر میں قریباً اڑھائی سو احادیث کا بہت مفید انڈیکس بھی شامل ہے جس میں حروف ابجد کے لحاظ سے حدیث کے مضمون کا خلاصہ اور کتاب کا وہ صفحہ نمبر دیا ہے، جس پر اس حدیث کا حوالہ تفسیر میں دیا گیا ہے۔

آغاز میں فاضل مصنف نے ۳۲ صفحات پر مشتمل معلوماتی مقالے ''تعارف تفسیر'' (انٹروڈکشن ٹو تفسیر) میں علم تفسیر کی اہمیت و ضرورت، اصول التفسیر، تاریخ علم التفسیر، قدیم اور جدید دور کی بعض مفید اور اہم تفاسیر، تفسیر اور تاویل کے فرق، طریق تفسیر، بعض منحرف تفاسیر، صحیح مفسر کے مقتضیات اور قرأت اور تجوید کے فن پر عمدگی سے روشنی ڈالی ہے۔

بیسویں صدی کی مفید اور اہم تفاسیر کے ضمن میں مولف نے محمد رشید رضا کی تفسیر المنار، سید قطب کی فی ظلال القرآن (غلطی سے مفسر کا نام سید قطب کے بجائے محمد قطب لکھ دیا ہے) اور مولانا مودودی کی تفہیم القرآن کا ذکر بھی کیا ہے۔ منحرف تفاسیر میں قادیانیوں کی سورۃ الاحزاب کی آیت نمبر